کو اپنے پڑھنے والوں کی بڑی فکر ہے اور وہ انھیں حقیقی ذکرِ الٰہی کا راستہ اختیار کرنے پر آمادہ کرنے کے لیے بے تاب ہیں۔ اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ اوّل تا آخر پڑھنے کا حوصلہ نہ کریں تو جہاں سے بھی جتنے صفحے چاہے پڑھ لیں تو علم میں ہی نہیں ایمان میں بھی اضافہ ہوگا اور یقیناً کچھ عمل کی اور زندگی کو صحیح راستے پر گزارنے کی توفیق ملے گی۔ پوری کتاب کو ایک بہت اچھی، جامع اور ہر پہلو کا احاطہ کرنے والی تذکیر کہا جاسکتا ہے۔(مسلم سجاد)

جماعت اسلامی اور تحریکِ پاکستان (چند حقائق)، تحقیق و تصنیف: محمود عالم صدیقی۔ شعبہ تصنیف و تالیف، جماعت اسلامی، کراچی۔ ملنے کا پتا: دفتر جماعت اسلامی، ۵۰۳-قائدین کالونی، قائدین روڈ، نزد اسلامیہ کالج، کراچی- فون: ۳۴۹۱۵۳۶۱-۰۲۱۔ صفحات: ۴۰۔ قیمت: ۲۵ روپے۔

جماعت اسلامی کے حوالے سے یہ بات پھیلا دی گئی ہے کہ جماعت قیامِ پاکستان کی مخالف تھی۔ اس بات کا حقائق سے دُور کا بھی تعلق نہیں۔ اب محمود عالم صدیقی صاحب نے اس مختصر کتاب میں پانچ عنوانات کے تحت سب حقائق یک جا کر کے بیان کر دیے ہیں۔ تقسیم سے قبل، تحریکِ پاکستان کے دوران، فسادات کے موقعے پر اور پاکستان کے حوالے سے جماعت اسلامی کے کردار کے بارے میں ضروری مستند تفصیلات بیان کر دی گئی ہیں۔ اگر کوئی حقائق جاننا چاہتا ہو تو وہ سچائی تک پہنچ سکتا ہے۔لیکن اگر کوئی بدنیتی سے حقائق جھٹلائے تو اس کا کوئی علاج نہیں۔ سیّد منورحسن کے مطابق: مصنف سب باتیں چھان پھٹک کر سامنے لائے ہیں۔ یہ ایک اہم دستاویز ہے جو نوجوان نسل کو تحریک کی سچائی سے آگاہ کرے گی۔ مجموعی طور پر یہ کتاب جماعت اسلامی کے لٹریچر میں ایک گراں قدر اضافہ ہے‘‘ (ص۴۰)۔(مسلم سجاد)

اُمت مسلمہ کے متفقہ دینی مسائل، تالیف: مولانا عبیداللہ عبید حفظہ اللہ۔ ناشر: مکتبہ نعمانیہ، اُردو بازار، گوجرانوالہ۔ فون: ۰۳۲۱-۷۴۷۵۰۷۲۔ صفحات: ۱۷۴۔ قیمت: درج نہیں۔

قبل ازیں بھی بعض اہلِ علم کی اس جیسی کوششیں ظہور میں آتی رہی ہیں مگر وہ عربی میں تھیں۔ اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ یہ سلیس اُردو زبان میں لکھی گئی ہے، نیز یہ براہِ راست عوام کی ضرورت اور ذہنی سطح کے عین مطابق ہے۔ کتاب میں مسائل کو معروف دینی موضوعاتی ترتیب سے